# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 18 August-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 18 /اگست ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ خواتین کی ترقی سے متعلق منصوبوں پر عمل آوری کیلئے فنڈز کی کمی نہیں ہونے دی جائیگی۔

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کا تیقن؛ مکھیہ منتری ماجھی لاڈکی بہن اسکیم پر ریاست بھر کی خواتین کی جانب سے خوشی کا اظہار

☆ کولکتہ میں خاتون ڈاکٹر کے ساتھ جنسی زیادتی اور قتل کے واقعے کے خلاف ریاست بھر میں مظاہرے۔

☆ ملک مخالف بیانیے کا متحد ہو کر مقابلہ کرنا ضروری۔ دیورشی نارد صحافتی ایوارڈز کی تقریب سے بزرگ صحافی اجیت گوگٹے کا خطاب۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے کیکت جلگاؤں میں 200 سے زائد طلباء زہریلی غذا سے متاثر۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے تیقن دیا ہے کہ خواتین کی ترقی سے متعلق منصوبوں پر عمل آوری کیلئے فنڈز کی کمی محسوس نہیں ہونے دی جائیگی۔ وہ کل پونا میں مکھیہ منتری ماجھی لاڈکی بہن اسکیم کے ریاستی سطح کے پروگرام سے مخاطب تھے۔ مرکزی مملکتی وزیر مرلی دھر موہوڑ، قانون ساز کونسل کی ڈپٹی چیئر پرسن ڈاکٹر نیلم گورے، نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار، خواتین و اطفال کی بہبود کی وزیر آدیتی تٹکرے سمیت کئی اہم شخصیات اس موقع پر موجود تھیں۔

***** **** *****

پیرس اولمپک کھیلوں میں تمغہ حاصل کرنے والے سوپنیل کوساڑ کا اس پروگرام میں وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں استقبال کیا گیا۔ اپنے خطاب میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ خواتین کی زندگی خوشیوں سے بھر جائے بحیثیت بھائی یہی ان کی خواہش ہے۔ اسی لئے اس اسکیم کے ذریعے بہنوں کو ماہانہ ڈیڑھ ہزار روپئے میکے کی طرف سے تحفے کے طور پر دیئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس اسکیم میں رخنہ اندازی کی کوششیں کی گئی لیکن عدالت نے ہم پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے بہنوں کی حمایت میں فیصلہ دیا۔ وزیر اعلیٰ نے اس طرح کے پروپگنڈہ کے خلاف ہوشیار رہنے کی بھی تلقین کی۔

***** **** *****

خواتین واطفال کی بہبود کی وزیر آدیتی تٹکرے نے اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گذشتہ 4 دنوں میں ایک کروڑ 8 لاکھ خواتین کو اس اسکیم سے فائدہ پہنچایا گیا ہے۔مختلف گاؤں اور قصبوں سے اس پروگرام میں شرکت کے لئے آنے والی خواتین نے اسکیم سے متعلق خوشی کا اظہار کیا۔

***** ***** *****

ریاست کے مختلف اضلاع کی خواتین نے بذریعہ ٹیلی کانفرنسنگ اس پروگرام میں شرکت کی۔چھترپتی سمبھاجی نگر کے وندے ماترم ہال میں اس پروگرام کو راست نشر کیا گیا۔ضلع کے رابطہ وزیر عبدالستار نے اس موقع پر شرکاء کو بتایا کہ موجودہ ریاستی حکومت اپنے وعدے وفا کرنے والی حکومت ہے۔اس لئے حقدار کو اس کے پیسے یقیناً ملیں گے۔

جالنہ میں ضلع کلکٹر دفتر کے محصول بھون میں رابطہ وزیر اتول ساوے کی موجودگی میں یہ پروگرام راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ضلع انتظامیہ اور ضلع پریشد سمیت تمام متعلقہ محکموں کی جانب سے موثر عمل آوری کے سبب نہایت ہی قلیل مدت میں ضلع میں اسکیم پر عمل درآمد ممکن ہو سکا ہے۔

ناندیڑ ضلع میں بھوکر بازار کمیٹی کے احاطے میں منعقدہ پروگرام میں ریاست کے دیہی ترقیات کے وزیر اور ضلع کے رابطہ وزیر گریش مہاجن، سابق وزیر اعلیٰ اور رکن پارلیمان اشوک چوہان کے ساتھ کثیر تعداد میں خواتین نے شرکت کی۔

دھاراشیو ضلع پریشد کے چیف ایگزیکیٹو افسر ڈاکٹر میناک گھوش کی موجودگی میں اسکیم کا آغاز ہوا۔اپنی تقریر میں انہوں نے کہا کہ اس اسکیم سے خواتین خود کفیل ہونگی اور خاندان آمدن بڑھیگی۔ پربھنی ضلع میں اس اسکیم کیلئے 2 لاکھ 47 ہزار 332، درخواستیں درست قرار دیئے جانے کی اطلاع ضلع کلکٹر گاوڑے نے دی۔

اسی دوران حکومت کی جانب سے خواتین کی فلاح و بہبود کیلئے اسکیمیں شروع کئے جانے اور انہیں ترقیاتی عمل کا حصہ بنائے جانے پر ریاست کے 40 ہزار دیہاتوں سے امید مہم کی خواتین، وزیر اعلیٰ کو ایک کروڑ راکھیاں بھجوائیں گی۔آئندہ روز راکھی پورنیما کی مناسبت سے بڑے بھائی کو راکھی باندھنے کیلئے گاؤں گاؤں میں ''چلو ممبئی'' کا نعرہ خواتین دے رہی ہیں۔

***** ***** *****

کولکتہ کے میڈیکل کالج میں خاتون ڈاکٹر کے ساتھ جنسی زیادتی اور قتل واقعے پر ملک بھر سے شدید ردّعمل دیا جا رہا ہے۔انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن نے کل ایک روزہ ملک گیر ہڑتال کا اعلان کیا تھا۔ریاست کے مختلف مقامات پر ڈاکٹروں نے اس ہڑتال میں حصہ لیا۔ممبئی میں جے جے اسپتال سمیت دیگر اسپتالوں کے ڈاکٹروں اور ڈاکٹروں کی تنظیموں نے ہڑتال میں حصہ لیا۔چھترپتی سمبھاجی نگر میں بھی کرانتی چوک میں مظاہرے کئے گئے۔شہر کے چند ایک خانگی اسپتالوں اور زیر تربیت ڈاکٹروں کی تنظیم مارڈ نے ہڑتال میں حصہ لیا۔ جالنہ میں انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن کے عہدیداروں سمیت ڈاکٹروں نے کل ضلع کلکٹر دفتر پر ایک جلوس نکالا۔ہنگولی میں ڈاکٹر ہیڈ گیوار میموریل بورڈ اور ڈینٹل کالج کے طلباء نے اور ناندیڑ میں نیما، مارڈ و دیگر تنظیموں نے مذمتی جلوس نکالا۔

دریں اثناء اس مذمتی تحریک کے پیش نظر وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل مرکزی وزیر برائے صحت عامہ جے پی نڈا سے بذریعہ ٹیلی فون بات چیت کی۔ ڈاکٹروں کے تحفظ کیلئے مرکزی سطح پر ایک سخت قانون وضع کئے جانے سے متعلق اس دوران تبادلہ خیال کیا گیا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

راجیہ سبھا کے رکن اشوک چوہان کو پارلیمنٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کیلئے نامزد کیا گیا ہے۔ رکن پارلیمان پرفل پٹیل کو بھی اس کمیٹی میں شامل کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

سینئر صحافی اجیت گوگٹے نے اس وقت پھیلائے جانے والے ملک مخالف بیانئے کو متحد ہر شکست دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ممبئی کے وشوسنواد کیندر کی جانب سے دیئے جانے والے دیورشی نارد صحافتی ایوارڈز کل ممبئی میں تقسیم کئے گئے۔ گوگٹے سمیت دیگر 8 اخبار نویسوں کو یہ ایوارڈز دیئے گئے۔ اس سلسلے میں منعقدہ استقبالیے کا گوگٹے جواب دے رہے تھے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے پیٹھن تعلقے کے کیکت جلگاؤں میں کل بسکٹ کھانے کے بعد 200 سے زائد لڑ کے لڑکیاں متاثر ہوئے ۔طلباء میں دو کمپنیوں کے بسکٹ تقسیم کئے گئے بسکٹ کھانے کے بعد کچھ دیر میں بیشتر طلباء نے متلی قئے اور بخار کی شکایت کی ان طلباء کو پاچوڑ کے دیہی اسپتال میں داخل کیا گیا۔ تھوڑی دیر بعد مزید طلباء میں بھی یہی شکایت پائی گئی اور انہیں بھی اسپتال پہنچایا گیا۔ ان بسکٹوں کے نمونے جانچ کیلئے محکمہ صحت کے حوالے کئے گئے ہیں۔

***** ***** *****

برہمن برادری کے مختلف مطالبات پر جالنہ میں دیپک رن ناورے کی جانب سے معلنہ بھوک ہڑتال واپس لینے کی درخواست تحصیلدار چھایا پوار نے کی ہے۔ انہوں نے کل رن ناورے سے ملاقات کر کے گفت وشنید کی اور تیقن دیا کہ ان کے مطالبات حکومت تک پہنچائے جائیں گے۔

***** ***** *****

ناندیڑ پولس ڈیویژن کے تحت ناندیڑ۔ پربھنی۔ ہنگولی اور لاتور اضلاع میں یکم تا 15 اگست کے درمیان غیر قانونی کاروبار کرنے والوں کے خلاف ایک ہزار 163 مقدمات درج کر کے سوا دو کروڑ روپئے مالیت کی اشیاء ضبط کر لی گئی ہیں۔ اس سلسلے میں دیسی شراب ساز و شراب فروشوں، گٹکے کا کاروبار کرنے والے جوے خانے اور غیر قانونی ریت مافیا کے خلاف کارروائی کی گئی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع میں گرامین بینک نے رواں سال میں ضلع انتظامیہ کی جانب سے دیئے گئے ہدف کا سوا سو فیصد زرعی قرض تقسیم کیا ہے۔ بینک کی اس کارکردگی پر ضلع کلکٹر ڈاکٹر سچن اومباسے اور دیگر نے بینک انتظامیہ کی ستائش کی ہے۔

***** ***** *****

پربھنی میں کل بی جے پی کے رہنما آنجہانی وسنت راؤ سب نیس ٹرسٹ کا افتتاح مرکزی توانائی شری پاد نائیک کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ آر ایس ایس کی معرفت سماجی کام کرتے ہوئے سب نیس نے گوا میں بی جے پی کو مستحکم کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا تھا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ خواتین کی ترقی سے متعلق منصوبوں پر عمل آوری کیلئے فنڈز کی کمی نہیں ہونے دی جائیگی۔

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا تیقن، مکھیہ منتری ماجھی لاڈکی بہن اسکیم پر ریاست بھر کی خواتین کی جانب سے خوشی کا اظہار

☆ کولکتہ میں خاتون ڈاکٹر کے ساتھ جنسی زیادتی اور قتل کے واقعے کے خلاف ریاست بھر میں مظاہرے۔

☆ ملک مخالف بیانیے کا متحد ہو کر مقابلہ کرنا ضروری۔ دیورشی نارد صحافتی ایوارڈز کی تقریب سے بزرگ صحافی اجیت گوگٹے کا خطاب۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے کیکت جلگاؤں میں 200 سے زائد طلباء زہریلی غذا سے متاثر۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****